سوال

(491) روزے کی حالت میں خوشبو سونگھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

روزے کی حالت میں خوشبو سونگھنے اور عطر استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزے کی حالت میں خوشبو سونگھنے یا عطر استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، مگر عود وغیرہ کا دھواں (بخور) سانس کے ذریعے سے اپنے اندر کھینچنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ دھویں کا اپنا ایک جرم ہوتا ہے جو معدے تک پہنچتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 375

محدث فتویٰ